## سوال

(687)پشانی کے اوپر سے بالوں کوچھوٹا کرانے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس کٹنگ کا کیا حکم جوکچھ عورتیں کرواتی ہیں؟اس کی صورت یہ ہے کہ پشانی کے اوپر سے کچھ بال کاٹ کران کی لٹوں کوپشانی پرلٹکایا جاتا ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگراس کٹنگ کی غرض کفاراورملحد عورتوں کی مشابہت ہوتویہ حرام ہے کیونکہ غیر مسلموں سے مشابہت حرام ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی وجہ سے۔

"مَن تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ "[1]

"جس نے کسی قوم کی مشابہت کی وہ انھیں میں سے ہے۔

اوراگر مشابہت کے ارادے سے نہیں بلکہ عورتوں کے درمیان نئے رواجوں سے ایک رواج کے طورپر کیا جائے تواگراس میں زینت وخوبصورتی کا پہلو موجود ہے جس کے ذریعے خاوند کےلیے زینت اختیار کرنا بھی ممکن ہواوراپنے جیسی عورتوں کے درمیان ایسی شکل میں آنا مطلوب ہوجوان کے درمیان اس کے مقام کو بلند کرنے کا ذریعہ ہوتوہمیں اس میں کوئی حرج نظر نہیں آتا۔(سعودی فتویٰ کمیٹی)

---

[1]۔ صحیح مسند احمد(2/50)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کےلیے صرف

**صفحہ نمبر 607**